حکومت پاکستان

پاکستان بیت المال

(وزارت تخفیف غربت و سماجی تحفظ)

ٹینڈر نوٹس

پاکستان بیت المال (PBM) ایک سماجی بہبود کے عوامی شعبے کی وفاقی تنظیم کو **وہیل چیئرز** کی خریداری کے لیے سنگل اسٹیج دو لفافے کی بنیاد پر (ایف بی آر انکم ٹیکس اور سیلز ٹیکس فعال) فرموں / تقسیم کاروں / مینوفیکچررز / کمپنیوں / جنرل آرڈر سپلائرز کو بولی کی دعوت دیتی ہے۔ وہیل چیئرز (5080بڑی اور 570چھوٹے سائز) اسلام آباد، لاہور، کوئٹہ، کراچی گلگت، پشاور اور ملتان دفاتر میں مہیا کرنا ہوں گی۔

.2 بولی کے دستاویزات، جس میں تفصیلات، تفصیلی شرائط و ضوابط، بولی جمع کرانے کا طریقہ کار، خریداری کا طریقہ، بولی کی حفاظت، بولی کی درستگی، ضمانت، بولیوں کی قبولیت اور مسترد ہونے وغیرہ وغیرہ PPRA EPADS پر دستیاب ہیں۔

.3 ای-بولیاں (تکنیکی اور مالی دونوں) PPRA کے قواعد اور معیاری حصولی دستاویزات میں دی گئی ہدایات کے مطابق، E-Pak Acquisition & Disposal System (www.eprocure.gov.pk) پر 28 جنوری2025 کو یا اس سے پہلےدن 1100 بجے تک آن لائن جمع کرائی جائیں گی، جس کے ساتھ ایک کال ڈیپازٹ مبلغ پانچ لاکھ روپے بحق پاکستان بیت المال بطور بیانیہ رقم (قابل واپسی / سود سے پاک) بھی جمع کرانا ہوگی۔اصل رسید / پے آرڈر / بینک ڈرافٹ مقررہ تاریخ تک درج ذیل دفتر میں جمع کرانا لازمی ہو گا۔

.4 تکنیکی بولیاں اسی دن 1130 پر پاکستان بیت المال، ہیڈ آفس، H-8/4، اسلام آباد میں بولی دہندگان یا ان کے نمائندوں کی موجودگی میں کھولی جائیں گی (وہیل چیئرز کے بطور نمونہ ساتھ لانا ضروری ہو گا)۔ جبکہ مالی بولیاں بعد میں کھولی جائیں گی جس کے لیے تکنیکی طور پر اہل بولی دہندگان کو تاریخ اور وقت EPADS پر بتا دیا جائے گا۔

.5 منظور شدہ کامیاب بولی دہندہ پہلے سپلائی آرڈر کے اجراء سے ایک سال کے لیے منظور شدہ نرخوں پر وہیل چیئرز مذکورہ شہروں میں واقع پاکستان بیت المال دفاتر کے متعین مقامات پر، معائنہ کے بعد متعلقہ دفتر میں فراہم کرنے کا پابند ہو گا۔

-6 وہیل چیئرز کی تعداد بڑھائی یا کم کی جا سکتی ہے۔

.7 پاکستان بیت المال PPRA کے قواعد کے مطابق کسی بھی وقت کوئی بھی بولی یا تمام بولیوں کو مسترد کرنے کا حق محفوظ رکھتا ہے۔

ڈائریکٹر پروکیورمنٹ،
پاکستان بیت المال، صدر دفتر،
اسلام آباد H-8/4
051-9269638